# قواعد

(۱) ہماری پیاری اُردو زبان میں بہت سے الفاظ ایسے ہیں، جو بولنے میں تو ایک جیسے ہیں لیکن اُن کے ہجے مُختلف ہیں اور معانی بھی۔ یہاں پر ایسے کچھ الفاظ دیئے جا رہے ہیں، آپ ان کے معانی کے فرق کو سمجھیے اور دیئے گئے جملوں میں درست لفظ شامل کرتے ہوئے انہیں مکمل کیجیے۔

قمر ۔ کمر ، کسرت ۔ کثرت ، سیاہ ۔ سیاح ، عصر ۔ اثر

(i) چودہویں تاریخ کے چاند کو قمر کہتے ہیں۔
(ii) انسانی جسم میں ریڑھ کی ہڈی کمر میں ہوتی ہے۔
(iii) کسرت کرنے سے جسم سڈول اور مضبوط ہو جاتا ہے۔
(iv) موسمِ بہار آتے ہی ہر طرف رنگ برنگے پھول کثرت سے نظر آنے لگتے ہیں۔
(v) غلافِ کعبہ کا رنگ سیاہ ہے۔
(vi) پاکستان کے شمالی علاقوں کی سیاحت کے لیے دنیا بھر سے سیاح یہاں آتے ہیں۔
(vii) عصر کی نماز سہ پہر کے وقت پڑھی جاتی ہے۔
(viii) درد بہت شدید تھا، دواؤں کا بھی مریض پر کوئی اثر نہ ہوا۔

(۲) ہر مُذکر کے ساتھ درست مونث تحریر کیجیے۔

مُصنفہ ۔ شاعرہ ۔ فن کارہ ۔ مُحققہ ۔ مُحترمہ ۔ گلوکارہ ۔ مُلازمہ ۔ ہدایت کارہ ۔
عالمہ ۔ مُعلمہ ۔ مُقررہ ۔ ماہرہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عالم | عالمہ | مُصنف | مُصنفہ | گلوکار | گلوکارہ |
| مُقرر | مُقررہ | ہدایت کار | ہدایت کارہ | مُلازم | مُلازمہ |
| ماہر | ماہرہ | محقق | مُحققہ | مُحترم | مُحترمہ |
| شاعر | شاعرہ | مُعلم | مُعلِمہ | فن کار | فن کارہ |

(۳) ''دان'' لاحقے سے مثال کے مطابق مرکب لاحقہ مکمل کیجیے۔

مثال: اُگال دان

(i) پان دان (ii) روشن دان (iii) چمچ دان
(iv) گل دان (v) پھول دان (vi) سائنس دان
(vii) آتش دان (viii) پائے دان (ix) ریاضی دان
(x) نمک دان